## 1 مارچ　　روزوں کے دوسرے ہفتے کا پیر　　مبارک جوانہ ماریا بونومو　　کنواری، مقدسہ البینو

دانیال 4:9۔10　　زبور:78　　لوقا 36:6۔38

### عیب نہ لگاؤ تو تم پر بھی عیب نہ لگایا جائے گا۔ لوقا 37:6

ایک شخص نے سرِ عام مجھ پر الزام لگایا۔ یسوع نے مُجھے فضل بخشا کہ میں اپنے دفاع کا فیصلہ اُس پہ چھوڑ دوں۔ کُچھ دِن بعد مُجھے اپنے دُشمن سے ملاقات کرنے اور وضاحت کا موقعہ مِلا تو اُس نے مُجھ سے معافی مانگی اگر چہ میرے لئے یہ عمل بُہت مُشکل تھا لیکن مَیں نے یسوع کے نام پر اُسے معاف کر دِیا۔ یسوع، تیرا شُکر ہو! کیونکہ معاف کرنے سے ہی میں بھی معافی پاؤں گا۔ اور تُو میری مدد کرے گا کہ مَیں بھی اپنے گُناہوں کو پہچان سکوں۔

## 2 مارچ　　روزوں کے دوسرے ہفتے کا منگل　　مقدس کونتو

اشعیا 10:1، 16۔20　　زبور:49　　متی 1:23۔12

### تمہارا مُرشد ایک ہی ہے یعنی المسیح۔ متی 10:23

یسوع ہم سے اَس طرح مُخاطب ہوتا ہے جیسے پہلے شاگردوں سے تا کہ ہم اپنے بھائیوں سے آقا کی طرح پیش نہ آئیں بلکہ حلیمی کے ساتھ ایک دوسرے کی مدد کرتے ہوئے یسوع کو دیکھیں اور اُس کی سُنیں جو کہ ہمارا واحد مُرشد ہے۔ یسوع تیرا شُکر ہو کہ تُو ہمارے ساتھ رہتا ہے۔

## 3 مارچ　　روزوں کے دوسرے ہفتے کا بدھ　　مقدس تیزیانو

اِرمیا 18:18۔20　　زبور:30　　متی 17:20۔28

### لیکن تم میں ایسا نہ ہوگا۔ متی 26:20

یسوع تیرے اِن الفاظ کے لئے ہم تیرا شُکر کرتے ہیں۔ تُو چاہتا ہے کہ ہم تُجھ سے سیکھیں کہ بھائیوں کی خدمت کرنے کے لئے ہمیں کیسے حلیم و فروتن ہونا اور خُود نمائی سے آزاد ہو کر جینا ہے۔ یسوع تیرا شُکر ہو کہ تُو روح القدس کی روشنی اور قوت سے ہماری مدد کرتا ہے۔

## 4 مارچ　　روزوں کے دوسرے ہفتے کی جمعرات　　مقدس کازیمیر

اِرمیا 5:17 ۔10　　زبور:1　　لوقا 19:16۔31

### میں خداوند دِل کو جانچتا اور گُردوں کو آزماتا ہوں۔ اِرمیا 10:17

یسوع زیادہ گہرائی میں دیکھتا اور جانتا ہے۔ مَیں اِن روزوں کے ایام میں یسوع کو ایک دِن کی روٹی اور پانی کا روزہ پیش کرنا چاہتا تھا مگر میرے روحانی باپ نے جو سب کچھ جانتا ہے مُجھے اِس روزے سے منع کر دِیا اور میری ہدائت کی کہ میں یسوع کو اپنی حلیمی اور مُحبت پیش کروں۔

## 5 مارچ　　روزوں کے دوسرے ہفتے کا جمعہ　　مقدس کاسیمیر

تکوین 3:37۔4، 12۔13، 17۔28　　زبور:104　　متی 33:21۔43، 45۔46

**وہ میرے بیٹے کی تو عزت کریں گے۔ متی 21:37**

خُدا نے اپنے لوگوں کی حفاظت کی ذمہ داری چُنیدہ اشخاص کو سونپی لیکن اُن چُنیدہ اشخاص نے اپنے کاموں کو ترجیح دی۔ خُدا باپ نے اُن کی اصلاح کے لئے پیغمبروں کو بھیجا لیکن اُنہوں نے اُن کو قتل کر دِیا۔ آخر کار اُس نے اپنے بیٹے کو یہ سوچ کر بھیجا کہ وہ اِس کی تو عزت کریں گے لیکن انہوں نے اُس کو بھی ختم کر دِیا۔ اے باپ، عطا کر کہ کلیسیا کے پاسبان تیرے زندہ بیٹے سے پیار کریں۔ کیونکہ صرف ایسے ہی وہ تیری مُحبت میں جینے کے لئے ایمانداروں کی مدد کر سکیں گے۔

**6 مارچ روزوں کے دوسرے ہفتے کا سنیچر مقدسہ کولیتا**

میکا 14:7۔15،18۔20 زبور :102 لوقا 1:15۔3،11۔32

**اور اُٹھ کر وہ اپنے باپ کے پاس چلا۔ لوقا 15: 20**

پُرفضل زندگی گُزارنے کے لئے وقتاً فوقتاً اپنے چند دوستوں کے ساتھ مِل کر کلامِ مقدس پر دھیان وگیان کرنا اور کلامِ مقدس کے تقاضوں کو پورا کرنا مجھے کُچھ مُشکل لگا۔ لہذا کُچھ سالوں کے لئے میں نے اِس سے کنارہ کر لیا لیکن میں نے اپنے آپ کو خالی اور افسردہ پایا۔ تب میں نے فیصلہ کیا کہ اپنے ضمیر کے اندر سے آنے والی یسوع کی دعوت کو قبول کر کے دوبارہ اُس کی طرف رجوح کروں۔ یسوع تیرا شُکر ہو کیونکہ باپ کے ساتھ بھرپور رفاقت کا مزہ چکھنے کیلئے صرف تُو ہی ہمیں فضل بخشتا ہے۔

**7 مارچ روزوں کا تیسرا اتوار مقدسہ پرپتوا فلیستا شہید عورتیں**

آستر 1:20-17 زبور:18 1 قرنتیوں 1:22-25 یوحنا 2:13-25

**میرے باپ کے گھر کو بیوپار کا گھر مت بناؤ۔ یوحنا 2 :16**

یروشلم کی ہیکل میں داخل ہوتے ہوئے یسوع اُن لوگوں کو دیکھتا ہے جو وہاں اُن جانوروں کی خرید وفروخت کرتے ہیں جنہیں خُداوند کے لئے قُربانی چڑھانی تھی۔ اُس نے اُن سب کو باہر نکال دیا کیونکہ وہ جگہ صرف دُعا کے ذریعے خُدا سے ملاپ کے لئے مخصوص تھی۔ مَیں اپنے آپ سے سوال کرتا ہوں کہ کیا میرا دِل بھی دُنیاوی مفادات کے قبضے میں ہے؟ یا خُدا باپ کی مرضی بجالانے کے لئے آزاد ہے۔ اے یسوع میں تُجھ سے منت کرتا ہوں کہ تُو مجھے دل کی پاکیزگی عطا کر۔

**8 مارچ روزوں کے تیسرے ہفتے کا پیر خُدا کا مقدس جان راہب**

2 ملوک 1:5-15 زبور:41-42 لوقا 4:24-30

**لیکن وہ اُن کے بیچ سے گزر کر چلا گیا۔ لوقا 4:30**

یسوع اُس شہر میں جہاں اُس نے پرورش پائی ردّ کیا جاتا ہے۔ جو کوئی اُسے جانتا ہے وہ بھی تسلیم نہیں کرنا چاہتا کہ وہ خُدا کا خادم ہے۔ حالانکہ کفرنحوم میں کئے گئے معجزات کی بدولت وہ پہلے ہی سے اُسے پہچان چُکے ہوں گے۔ مَیں آج اُسے زندہ دِلی اور پختہ ایمان سے قبول کروں گا۔ تاکہ یسوع کہیں میرے گھر،

شہراور مُلک سے چلا نہ جائے۔

## 9 مارچ روزوں کے دوسرے ہفتے کا منگل روم کی مقدسہ فرانسیسکا

دانیال 43-34,25:3 زبور:-24 متی 35-21:18

### اپنے عجیب کاموں کے مطابق ہمیں چھڑوا۔ دانیال 3: 43

یہ ایک حلیم دِل کی دُعا ہے جو ساری جلاوطن عبرانی قوم کی طرف سے اُس نوجوان نے کی جس پر اُس کے دوساتھیوں کے ہمراہ موت کا فتویٰ لگایا جا چکا تھا۔ وہ اپنی وفاداری کی بدولت بچائے گئے۔ اے یسوع مسیحی نوجوانوں کو پُر جوش ایمان، کشادہ اور پاک دِل عطا کر۔

## 10 مارچ روزوں کے دوسرے ہفتے کا بدھ مقدس سمپلیچو پوپ

تثنیہ شرع 9-5,1:4 زبور :147 متی 19-17:5

### جو ان حکموں پر عمل کرے اور سکھائے وہی آسمان کی بادشاہی میں بڑا کہلائے گا۔ متی 19:5

یسوع باپ کی طرف سے اُن ہدایات کی بابت بات کرتا ہے جن پر عمل پیرا ہو کر ہم اُس کی فرزندیت میں اپنی زندگی گُزار سکیں۔ اگر ہم اُس کے احکامات پر عمل کریں اور دوسروں کو بھی ایسا کرنے کی تلقین کریں تو ہم اُس کو پسند آئیں گے تو پھر وہ اپنی بادشاہت میں ہمیں کوئی ذمہ داری بخشے گا۔ اے پاک روح ہماری مدد کرتا کہ ہم خُدا کی مرضی بجالائیں۔

## 11 مارچ روزوں کے دوسرے ہفتے کی جمعرات مقدس کوستانتائن

ارمیا 28-23:7 زبور : 94 لوقا 23-14:11

### اور وہ ایک بدروح کو نکال رہا تھا جو گونگی تھی۔ لوقا 14:11

یسوع جان گیا تھا کہ اُس آدمی کی کمزوری کسی بیماری کی وجہ سے نہیں تھی بلکہ وہ بدروح کے قبضے میں تھا جس نے اُسے گونگا کر دِیا تھا۔ آج بھی ہم مسیحیوں کے درمیان ایسے لوگ ہیں جو یسوع کے کلام کو قبول کرنے اور اُسے دوسروں کو سُنانے کے قابل نہیں ہیں۔ اِن میں سے مَیں بھی ایک تھا۔ لیکن اب یسوع کا شُکر ہے جو میرے اندر خواہش پیدا کرتا ہے کہ میں اُس کے کلام کی تلاش کروں، اُس پر دھیان و گیان کروں اور اُسے دوسروں کو سُناؤں۔

## 12 مارچ روزوں کے دوسرے ہفتے کا جمعہ مقدس مسمیلیان، مقدس لوئیس اور یونا، مقدسہ انجیلا سلوا

ہوشیع 10-2:14 زبور 80 مرقس 34-28:12

### اور اِن سے بڑا اور کوئی حکم نہیں۔ مرقس 32:12

شریعت کے ایک عالم کو جواب دیتے ہوئے یسوع کہتا ہے کہ ” خُداوند ہمارا خُدا ایک ہی ہے“۔ اور اُس عالِم شریعت نے اِس بات کی تصدیق کی۔ رسولوں کے ہمراہ ہم بھی پُورے یقین کے ساتھ اِقرار کریں کہ ”ہمارے خُداوند یسوع مسیح کا باپ خُدا ہے“۔ اے پاک روح تیرا شُکر ہو جو ہمیں یہ یقین بخشتا ہے۔

## 13 مارچ روزوں کے دوسرے ہفتے کا سنیچر مقدس راجر

ہوشیع 6-1:6 زبور:50 لوقا 14-9:18

### اے خُدا مجھ گنہگار پر رحم کر۔ لوقا 18: 13

یہ حلیم لوگوں کی دُعا ہے جو خُدا باپ کے ہاں پسندیدہ ہے۔ اگر مَیں بھی اُس کے ہاں پشیمان دِل کے ساتھ حاضر ہوں گا تو میرا پُختہ یقین ہے کہ وہ مُجھے معاف کرے گا اور اعتراف کے ذریعے خُدا کے ساتھ ٹوٹا ہوا رشتہ بحال کر کے اُس کی سلامتی اور خُوشنودی حاصل کروں گا۔

## 14 مارچ روزوں کا چوتھا اتوار مقدس میتلڈے

2 اخبار 23-19,16-14:36 زبور:136 افسیوں 10-4:2 یوحنا 21-14:3

### وہ جو صداقت پر عمل کرتا ہے، نور کے نزدیک آتا ہے۔ یوحنا 3: 21

نیقودیمس رات کے وقت یسوع کے پاس گیا۔ وہ یسوع کی طرف ایک مُخلص اور پُرخطر سفر شروع کر چُکا تھا۔ میرا ایک دوست مُجھے بیان کر رہا تھا کہ اُس کا اور اُس گروپ کا مذاق اُڑایا گیا جِس کے ساتھ مِل کر وہ دُعا کرتا تھا۔ اِس وجہ سے اُس کی بہت دِل آزاری ہوئی مگر وہ اور اُس کا گروپ یسوع کو پیار کرنے سے باز نہ آئے۔ اب وہ یسوع کا شکر گُزار ہے کیونکہ اُس نے خود کو اُس پر ظاہر کیا اور اُس کے دِل میں ایسے لوگوں کے لئے رحم ڈالا۔

## 15 مارچ روزوں کے چوتھے ہفتے کا سوموار مقدسہ لوئیسہ ڈی۔ایم

اشعیا 65: 17-21 زبور:29 یوحنا 54-43:4

### تیرا بیٹا جیتا ہے۔ یوحنا 51:4

بادشاہ کا ایک عہدیدار جو کہ غیر قوم سے تھا یسوع کے پاس اپنے قریب المرگ بیٹے کے لئے بڑی حلیمی اور پُختہ ایمان کے ساتھ شِفا مانگنے آیا۔ یسوع اُس کی درخواست کو قبول کر کے اُسے اپنے الفاظ سے بھرپور زندگی بخشتا ہے۔ وہ شخص اُسے فوراً قبول کرتا ہے اور اِس طرح اپنے بیٹے کے لئے شِفا اور سارے گھرانے کے لئے ایمان پاتا ہے۔

## 16 مارچ روزوں کے چوتھے ہفتے کا منگل

حزقیال 12,9-1:47 زبور: 45 یوحنا 5: 1-16

### دیکھ تو نے شفا پائی ہے، پھر گناہ نہ کرنا۔ یوحنا 5: 14

گُناہ اور خدا باپ کی نافرمانی جِس نے ہم سے بے حد پیار کیا ہمارے بدن اور ہماری نفسیات پر بھی اثر انداز ہوتے ہیں۔ یسوع ہمیں گُناہ اور اُس کے اثرات سے آزاد کروانے آیا۔ آج وہ ہمیں تنبیہ کرتا ہے کہ ''دوبارہ گُناہ نہ کرنا۔۔'' اے پاک روح تُو میری مدد کرتا کہ مَیں مُحبت اور مُستقل مزاجی سے یسوع کی فرمانبرداری کرسکوں۔

## 17مارچ روزوں کے چوتھے ہفتے کا بدھ مقدس پیٹرک اُسقف

اشعیا 15-8:49 زبور : 144 یوحنا 30-17:5

### بیٹا بھی جنہیں چاہتا ہے زندہ کرتا ہے۔ یوحنا 21:5

ایک نوجوان مُجھے بیان کررہا تھا کہ جب یسوع نے اُسے بُلایا تو اُس نے کیسے جواب دِیا۔ اچانک رُک کر مُجھ سے پوچھنے لگا،''یسوع نے ہزاروں لوگوں میں سے مُجھے ہی کیوں چُنا؟'' درحقیقت جی اُٹھا مسیحا مُختلف طریقوں سے سب کو بُلاتا ہے کہ اُس کی پیروی کریں لیکن افسوس کہ ہمارے معاشرے میں بھی بے شمار مشکلات ہیں جو ہمیں یسوع کی آواز پہچاننے، اُس کے لئے فیصلہ کرنے اور اُس کی زندگی اپنانے میں رکاوٹ کا باعث بنتے ہیں۔

## 18مارچ روزوں کے چوتھے ہفتے کی جمعرات یروشلم کا مقدس سِرل اُسقف اور معلم

خروج 14-7:32 زبور 105 یوحنا 47-31:5

### کیونکہ اگر تُم موسیٰ کا یقین کرتے تو میرا بھی یقین کرتے۔ یوحنا 46:5

اے یسوع ہم تیرے شُکر گُزار ہیں کہ تُو کِس صبر اور مُحبت سے اپنے دُشمنوں سے بات کرتا ہے۔ اور شُکر یہ اِس لئے بھی کہ تُو وہی پیار ہم میں مُنتقل کرنا چاہتا ہے۔ تُو ہماری مدد کر کہ ہم تُجھ سے سیکھیں اور تیرا پاک روح حاصل کریں جو ہمیں باپ کے اُس منصوبہء نجات کو سمجھنے میں مدد کرے جو قدیم ایام سے شروع ہُوا۔ یسوع تیرا شُکر ہو!

## 19مارچ روزوں کے چوتھے ہفتے کا جمعہ مقدس یُوسف مقدسہ مریم کنواری کا شوہر

2سموئیل 16,14-12.5-4:7 زبور: 88 رومیوں 22,18-16,13:4 متی 24.21-18.16:1 یا لوقا 41:2 ۔51

### یوسف، اُس کا شوہر، ایک راستباز شخص تھا۔ متی 19:1

یُوسف، مقدسہ مریم کا شوہر روح القدس کی ہدایت سے چلتا تھا۔ اِس طرح وہ ہمیشہ مُحبت اور خدا کے خوف میں جیتا تھا۔ خُدا کی مرضی پوری کرنے کی تلاش میں وہ یسوع سے مُشابہت رکھتا تھا۔ وہ حلیم تھا اِس لئے جب اُسے یہ سمجھ نہیں آ رہا تھا کہ مقدسہ مریم اپنی منکوحہ کے ساتھ کیا کرے تو وہ خُدا باپ سے روشنی پا کر اُسے اپنے گھر لے آیا۔

## 20مارچ روزوں کے چوتھے ہفتے کا سنیچر مقدسہ الیگزینڈرا

اِرمیا 20-18:11 زبور:7 یوحنا 53-40:7

### یہ سچ مچ وہی نبی ہے۔ یوحنا 40:7

ہر شخص یسوع کے سامنے اُس کا اِقرار کرنے کے لئے بُلایا گیا ہے۔ جو حلیم، دِل کا فروتن اور روح القدس کی ہدایت سے چلتا ہے وہ اُسے پہچان پاتا ہے کہ وہ خُدا کا بیٹا ہے جو ہمیشہ ہمارے ساتھ ہے۔ اے روح القدس مجھے اپنی روشنی اور مُحبت عطا کر۔

## 21 مارچ روزوں کا پانچواں اتوار مقدس فلیمون

ارمیا 31:31-34 زبور: 50 عبرانیوں 5:7-9 یوحنا 12:20-33

**جہاں مَیں ہوں وہیں میرا خادم بھی ہوگا۔ یوحنا 12:26**

یہ الفاظ مُجھے پاک ہفتے اور پاشکا کے دِنوں کے بارے میں سوچنے کا موقع فراہم کرتے ہیں۔ جو دُعا، روزے اور بھائی چارے کی مشق کے دِن ہیں۔ یسوع کی اذیت اور دُکھوں کے تجربہ کی شراکت کے دِن جن کے بغیر یسوع کے زندہ ہونے کی خُوشی منانے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ جو دُکھوں کے سفر میں تیری پیروی کرتا ہے، تُو اُس کے لئے اپنے جلال میں ابدی خُوشی تیار کرتا ہے۔ اے یسوع تیرا شُکر ہو۔

## 22 مارچ روزوں کے پانچویں ہفتے کا پیر مقدس بینیونو

دانیال 13:1-9.15-17.19-30.33-62 زبور: 22 یوحنا 8:1-11

**مَیں بھی تجھ پر فتویٰ نہیں لگاتا۔ یوحنا 8:11**

جو گُناہگار زِانیہ عورت کو سنگسار کرنا چاہتے تھے، جب یسوع نے اُنہیں یاد کروایا کہ وہ بھی گُنہگار ہیں تو وہ رُک گئے اور اُنہوں نے سنگسار نہ کیا۔ جب یسوع مُجھے یاد کرواتا ہے کہ مَیں بھی گنہگار ہوں تو تب مَیں بھی رحمدِل ہوجاتا ہوں۔

## 23 مارچ روزوں کے پانچویں ہفتے کا منگل مقدس تُوریبیو آف مونگرووجو اُسقف

عدد 21:4-9 زبور: 101 یوحنا 8:21-30

**بہتیرے اُس پر ایمان لائے تھے۔ یوحنا 8:30**

جب یسوع باپ سے اپنی وفاداری کی گواہی دیتا ہے تو اُس کے سُننے والوں میں بہت سے اُس پر بھروسہ کرنے لگتے ہیں۔ لیکن پھر جب اُن پر آزمائش آتی ہے تو وہ ثابت قدم نہیں رہتے۔ اے یسوع، ہم مسیحیوں کے ایمان اور مُحبت کو پھر سے زندہ کردے۔

## 24 مارچ روزوں کے پانچویں ہفتے کا بُدھ مقدس رومولو

دانیال 3:14-20.46-50.91-92.95 زبور دانیال 3:52-56 یوحنا 8:31-42

**اُس نے اپنے بندوں کو رہائی بخشی جنہوں نے اُس پر توکل کیا۔ دانیال 3 :95**

یہ الفاظ نبوکدنصر کے ہیں جس نے کہا کہ شدرکؔ میشکؔ اور عبدؔنبو کا خدا مبارک ہو جنہیں اُس نے جلتی ہوئی بھٹی میں ڈال دِیا تھا میں نے اِس سچائی کا بہت دفعہ تجربہ کِیا ہے کہ جو کوئی خُداوند پر بھروسہ رکھتا ہے وہ کبھی بھی مایوس نہ ہوگا۔ اے باپ، اے یسوع، تیری وفادار مُحبت کے لئے شُکریہ!

## 25 مارچ روزوں کے پانچویں ہفتے کی جمعرات عیدِ بشارت

اشعیا 7: 10-14;8,10c زبور:39 عبرانیوں 10:4-10 لوقا 1:26-38

**سلام اے پُرفضل، خُداوند تیرے ساتھ ہے۔ لوقا 28:1**

جب ہم حلیم اور خُدا کے کلمہ کے فرمانبردار ہوتے ہیں تو ہم مقدسہ مریم اپنی ماں کے مشابہ ہو جاتے ہیں اور اُس کے ساتھ اور اُس کی طرح ہم بھی خُوش ہو سکتے ہیں۔

## 26 مارچ روزوں کے پانچویں ہفتے کا جُمعہ مقدس عمانوئیل

اِرمیا 13-10:20 زبور:17 یوحنا 42-31:10

**مَیں نے اپنا دعویٰ تیرے سپُرد کیا ہے۔ اِرمیا : 20:12**

اے یسوع! تُو نے اِرمیا سے سیکھا، جب تو نے کہا''اے باپ! مَیں اپنی روح تیرے ہاتھوں میں دیتا ہوں''۔اور میں یسوع سے اپنے آپ کو باپ کے سپرد کرنا سیکھتا ہوں۔ چاہے وہ روحانی اور مادی پریشانی ہو یا دوسروں کے ساتھ رہنے میں مشکل ہو۔جیسے ایک چھوٹا بچہ ہر چیز کے لئے خُود کو اپنے والدین کے سپرد کرتا ہے، بالکل ویسے ہی اے باپ میں بھی خُود کو تیرے سپرد کرتا ہوں کیونکہ تُو میرا باپ ہے۔

## 27 مارچ روزوں کے پانچویں ہفتے کا سنیچر مقدس رُوپیرتو

حزقیال 28-21:37 زبور: اِرمیا 13-10,31 یوحنا 57-45:11

**یسوع قوم کی خاطر مرنے کو ہے۔۔۔تاکہ خُدا کے پراگندہ فرزندوں کو جمع کر کے ایک کر دے۔ یوحنا 51:11**

اُس وقت کے کاہنِ اعظم نے اپنی بدنیتی کا جواز پیش کرنے کی غرض سے اِس بات کی تصدیق کر دی تھی۔ہم یسوع کا شُکر ادا کریں جس نے صلیب پر اپنی موت اور جی اُٹھنے کے وسیلہ سے اس پیشنگوئی کو حقیقت میں بدل دیا۔اگر ہم ایک دوسرے کو پیار کریں گے تو ہم ایک ہی آسمانی باپ کے بچوں کی طرح مُتحد ہوں گے۔

## 28 مارچ کھجوروں کا اتوار مقدس سکسٹس سوئم پوپ

جلوس کے لئے تلاوت: مرقس 10-1:11 یا یوحنا 16-12,12

اشعیا 7-4,50 زبور: 21 فلپیوں 11-6:2 مرقس (یسوع کی اذیت اور دُکھوں کا تذکرہ) 1:14 -15،47 - 52

**مسیح ہماری خاطر موت بلکہ صلیبی موت تک فرمانبردار رہا۔ فلپیوں 8:2**

کھجوروں کے اتوار سے پاک ہفتے کا آغاز ہوتا ہے۔یسوع مسیح کا یروشلیم میں شاہانہ استقبال کیا جاتا ہے،لوگ''ہوشعنا ابنِ داوٗد'' کے نعرے مار کر خوشی کا اظہار کرتے ہیں۔دوسری طرف لوگ'' اسے صلیب دو'' کے نعرے بُلند کرتے ہیں۔ خداوند یسوع مسیح اپنی خوشی اور آزاد مرضی سے صلیب پر جان دے کر خدا باپ کی رضا کو پورا کرنے کا اعلیٰ نمونہ پیش کرتا ہے۔اَے مسیح تیرا شکر ہو کہ تو نے ہمیں گناہوں سے نجات بخشی۔

## 29 مارچ          پاک ہفتے کا پیر          مقدس سیکنڈ شہید

اشعیا 42:1-7     زبور 26     یوحنا 12:1-11

**محتاج تو ہمیشہ تمہارے پاس ہیں مگر مَیں ہمیشہ تمہارے پاس نہیں رہوں گا۔     یوحنا 12:8**

لعزر کی بہن مریم یسوع کے پاؤں پر تیل مَلتی ہے۔ یسوع اُس کے اِس عمل کو سراہتا ہے اور اُسے اپنے کفن دفن کی پیشنگوئی سمجھتا ہے۔ وہ سب کے لئے مرتا ہے، غریبوں کے لئے بھی جو سب سے پہلے اُس کی موت اور جی اُٹھنے کی خبر پانے کی خُوشنودی حاصل کرتے ہیں۔ ہم سب سے بڑھ کر مریم کے شُکر گزار ہیں جس نے یسوع سے پیار کیا جو ہمارا نجات دہندہ ہے۔

## 30 مارچ     پاک ہفتے کا منگل          مقدس لیونارڈو     ماریالڈو          مقدس زوسیمس

اشعیا 49:1-6          زبور 70          یوحنا 13:21-33,36-38

**مَیں تجھے قوموں کا نور بناؤں گا۔     اشعیا 49:6**

خُدا کا یہ وعدہ اپنے خادم اور ہر اُس انسان سے ہے جو اُس کے حُکموں کا وفادار ہے۔ یسوع اِس وعدہ کی تکمیل کرتا اور اسے اپنے شاگردوں کے لئے سچ قرار دیتا ہے۔ یسوع نے کہا ہے کہ "مَیں دُنیا کا نُور رہوں" اور اپنے شاگردوں سے کہتا ہے کہ "تُم دُنیا کا نور ہو"۔ اَے یسوع مجھے اپنے نُور میں چلنا سکھا۔

## 31 مارچ          پاک ہفتے کا بدھ          مقدس بنیامین

اشعیا 50 :4 ۔9     زبور 68     متی 26:14۔25

**مَیں تُم سے سچ کہتا ہوں کہ تُم میں سے ایک مجھے پکڑوائے گا۔     متی 26:21**

یہودہ اسخر یوتی نے یسوع کی مُحبت اور اُس کی دوستی پر چاندی کے تیس سِکوں کو ترجیح دی۔ اور یہ تب ہُوا جب یسوع نے خُود اُسے نوالہ دِیا ہی تھا جو کہ اُس کی مُحبت کی علامت تھا۔ اے یسوع، مُجھ پر رحم فرما تا کہ میں ہمیشہ تیری محبت میں قائم رہوں۔